28A

مطالعۂ پاکستان

برائے جماعت 12&11

نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد

28B

ہمارا نصب العین

○ معیار ○ حاصلات ○ رسائی ○ اسلوب

© 2019، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

مطالعہ پاکستان برائے انٹرمیڈیٹ

مصنف اسباق: پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر خان

ایڈیٹنگ: ڈاکٹر ثمینہ ندیم، سابقہ پرنسپل آئی ایم سی جی، اسلام آباد
محمد حسنین اختر، لیکچرار، ایف جی سرسید کالج راولپنڈی

پہلی اشاعت: 2004ء

موجودہ اشاعت: 2019ء تعداد 10،000

قیمت: -/95روپے

کوڈ نمبر: STU-384

آئی ایس بی این: 978-969-37-0864-6

طابع: محمود برادرز، راولپنڈی

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ:

ویب سائٹ: http://www.nbf.org.pk فون 92-51-9261125، 051-9261124

ای میل books@nbf.org.pk

تیسرے گوشوارے میں صدر اور وزیر اعظم کے حلف کی صورت میں آئین کا حصہ بنا دی گئی ہے۔ اگرچہ اس تعریف کی رو سے حضور نبی اکرم ﷺ کی ختم نبوت پر ایمان نہ رکھنے والے از خود دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں تاہم اس کی مزید وضاحت اس آئینی ترمیم سے کردی گئی ہے جس کے تحت قادیانی اور لاہوری مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا ہے۔

6۔ اسلامی معاشرے کا قیام: دستور کے ابتدائیہ میں پاکستانی عوام کی اس خواہش کا اظہار کیا گیا ہے کہ وہ جمہوریت، آزادی، مساوات، رواداری اور معاشرتی انصاف کے ان اصولوں پر مبنی نظام قائم کرنا چاہتے ہیں جو اسلام نے مقرر کیے ہیں۔ پالیسی کے اصولوں میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے مسلمانوں کی زندگیوں کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کے لئے اقدامات کیے جائیں گے اور انہیں ایسے مواقع بہم پہنچائے جائیں گے کہ وہ زندگی کے اسلامی تصور سے آشنا ہو سکیں۔ آئین کے آرٹیکل 227 میں کہا گیا ہے کہ تمام موجودہ قوانین کو طے شدہ اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھالا جائے گا اور کوئی ایسا نیا قانون نہیں بنایا جائے گا جو اسلامی اصولوں کے خلاف ہو۔